حقیقت نامہ

ستمبر 2011

ہیومن پیپیلوما وائرس (ایچ پی وی) گریڈ 8 کی لڑکیوں کے لئے روک تھام کا ٹیکہ

(یہ حقائق نامہ کئی زبانوں میں موجود ہے۔ دیکھیں http://www.toronto.ca/health/immunization_children/index.htm)

ہیومن پیپیلوما وائرس (ایچ پی وی) کیا ہے ؟

- ایچ پی وی ایک عام وائرس ہے جو اعضائے تناسل کی گمڑیوں اور عنق رحم، اندام نہانی، اندام نہانی کےگرداب (اندام نہانی کے ارد گرد)آلہء تناسل، مقعد، سر اور گردن کے کینسر کا پیش خیمہ ہو سکتا ہے۔

ایچ پی وی اور فم رحم / اعضائے تناسل کی گمڑیوں کے کینسر کا آپس میں کیا تعلق ہے ؟

- کچھ لوگوں میں، ایچ پی وی کا انفیکشن کینسر یا گمڑیوں کا باعث ہو سکتا ہے۔ کینیڈا میں ایچ پی وی قریباً فم رحم کے تمام کینسر کا باعث بنتا ہے۔
- کینیڈا میں ایچ پی وی کی دو اقسام 70% فیصد سے زائد فم رحم کے اور دیگر دو اقسام 90% فیصد سے زائد اعضائے تناسل کی گمڑیوں کے کینسروں کا سبب بنتے ہیں۔

ایچ پی وی کیسے پھیلتا ہے ؟

- ایچ پی وی عام طور پر پسندیدہ جنسی تعلق سے متاثرہ ساتھی کی کھال کے ربط سے پھیلتا ہے۔
- کچھ لوگوں کو اس کے کبھی بھی آثار نہیں لگتے لیکن پھر بھی اُن میں وائرس موجود ہوتا ہے اور وہ اپنے جنسی ساتھی (ساتھیوں) کو متاثر کر سکتے ہیں۔

ایچ پی وی انفیکشن کی کیا علامات ہوتی ہیں ؟

- زیادہ تر ایچ پی وی انفیکشن کی علامات نہیں ہوتیں۔ مرض ظاہر ہونے کے کئی مہینوں بعد بھی علامات واقع ہوسکتی ہیں۔
- اعضائے تناسل کی گمڑیاں جو ایچ پی وی کے باعث ہوتی ہیں عام طور پر غیر تکلیف دہ ہوتی ہیں لیکن وہ خارش زدہ اور غیر آرام دہ ہو سکتی ہیں۔ گمڑیاں ہوٹی ہو سکتی ہیں اور اکثر اُن کی شکل گوبھی کے پھول نما ہوتی ہیں۔
- عورتوں میں یہ گمڑیاں اندام نہانی کے گرداب (اندام نہانی کے اطراف کے دونوں اُبھار) ، (رحم کے داخلی دروازے) ، مقعد، رانوں، اور منہ پر واقع ہو سکتی ہیں۔

مردوں میں، یہ گمڑیاں آلہء تناسل، خصیوں کی تھیلی، رانوں، مقعد، اور منہ میں ہو سکتی ہیں۔

ایچ پی وی کے انفیکشن کی شناخت کیسے ہوتی ہے؟

- عورتوں میں، پیپ ٹیسٹ، ایچ پی وی کے باعث ہونے والے انفیکشن سے عنق رحم میں تبدیلیوں کی شناخت کی جا سکتی ہے۔ عورتوں اور مردوں میں اُنکی کھال اور اعضائے تناسل کے ارد گرد معائنہ کرنے سے گمڑیوں کی شناخت ہو سکتی ہے۔

کیا ایچ پی وی قابل علاج ہے ؟

- صحتمند افراد میں، ایچ پی وی کا انفیکشن عام طور پر کینسر میں تبدیل ہوئے بغیر ٹھیک ہو جا تا ہے۔
- گمڑیوں اور عنق رحم پر ہونے والی تبدیلیاں جو ختم نہیں ہوتیں اُن کا کیمیاوی مادوں، مائع نائٹروجن، لیزر یا سرجری کے ذریعے علاج کیا جا سکتا ہے۔ علاج گمڑیوں کو تو ختم کر دیتا ہے لیکن آپ کے جسم سے وائرس کو ختم نہیں کرتا۔ گمڑیاں دوبارہ عود کر سکتی ہیں جبکہ ایچ پی وی کے لئے کوئی علاج نہیں ہے۔
- ایچ پی وی کے علاج کے لئے اینٹی بائیوٹکس موثر نہیں ہیں۔

میں ایچ پی وی کے پھیلاو کو کیسے کم کر سکتا /سکتی ہوں ؟

- بیماری سے روک تھام کے ٹیکے لگوائیں۔ گریڈ 8 کی لڑکیوں میں انفیکشن کے لئے جو بچاو کےٹیکے منظور کئے گئے ہیں وہ چار اقسام کے ایچ پی وی سے پیدا شدہ انفیکشن کی روک تھام کرتے ہیں جو عنق رحم اور اعضائے تناسل کی گمڑیوں کے زیادہ تر کینسر کا باعث بنتی ہیں۔
- متاثرہ شخص سے جنسی تعلق قائم کرنے سے گریز کریں۔ گہرے تعلقات میں کھال سے کھال سے ربط میں ہمیشہ کچھ ایچ پی وی کے انفیکشن کا خطرہ ہوتا ہے۔

کیا ایچ پی وی کے انفیکشن کی روک تھام کی جاسکتی ہے؟

- روک تھام کا ٹیکہ جسے گرداسیل (Gardasil®) کہتے ہیں اب موجود ہے جو چار اقسام کے ایچ پی وی کے انفیکشن کے خلاف روک تھام کرتا ہے جو زیادہ تر اعضائے تناسل کی گمڑیوں اور عنق رحم کے کینسر کا باعث بنتے ہیں۔

حقیقت نامہ

کیا روک تھام کا ٹیکہ محفوظ ہے ؟

- جی ہاں۔ مطالعہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ محفوظ ہے۔ ممالک جن میں کینیڈاشامل ہے جہاں یہ روک تھام کے ٹیکے استعمال ہوتے ہیں اس کے بحفاظت ہونے کی نگرانی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ پُر خطر ذیلی اثرات بعید از امکان ہیں۔

ایچ پی وی کا ٹیکہ گرداسیل (Gardasil®) کسے لگوانا چاہئے ؟

- گرداسیل (Gardasil®) 9 تا 26 سالہ عمر کی خواتین کو لگوانے کی سفارش کی جاتی ہے۔ روک تھام کا یہ ٹیکہ گریڈ 8 کی لڑکیوں کے لئے مفت لگایا جاتا ہے۔
- 9 تا 26 سالہ مردوں کے لئے روک تھام کا یہ ٹیکہ لائسنس شدہ بھی ہے(لیکن اسے سرکاری اعانت حاصل نہں) ۔
- روک تھام کا یہ ٹیکہ بہت موثر ہے اگر اسے کسی بھی جنسی ملاپ سے پہلے لگایا جائے۔

روک تھام کے اس ٹیکہ کے کون سےنا موافق اثرات ہیں ؟

- زیادہ عمومی نا موافق اثرات، ٹیکے کی جگہ پر درد، سوجن، خارش اور سرخی ہیں۔
- سر درد، بخار، قے اور چکر بھی آ سکتے ہیں۔ دیگر کم عمومی ناموافق اثرات میں، گلے میں خارش، قے اور اسہال، فشار خون کا بڑھنا، اندام نہانی سے خون آنا اور ٹیکے والے بازو کی حرکت میں کمی ہے۔
- گہرے الرجی کے اثرات ہونے کے بہت کم امکان ہیں۔ اگر آپ کو جلدی سوزش، سینے میں خرخراہٹ، سانس میں دشواری یا چہرے یا منہ پر سوجن ہو جائے تو طبّی امداد حاصل کریں۔

روک تھام کا یہ ٹیکہ کسے نہیں لگوانا چاہئے ؟

- جس کسی کو گذشتہ مرتبہ گرداسیل (Gardasil®) کے ٹیکے سے الرجی کا اثر ہوا یا وہ خمیری اشیاء سے، ایلمونیم، پولیسوربیٹ 80، ایل-ہسٹی ڈائن یا سوڈیم بوریٹ سے الرجی کا حامل ہو اُسے یہ ٹیکہ نہیں لگوانا چاہئے۔
- نو سال سے کم عمر لڑکیوں یا حاملہ عورتوں میں روک تھام کا یہ ٹیکہ ابھی اچھی طرح ٹیسٹ نہیں کیا گیا ہے۔

مجھے روک تھام کے کتنے ٹیکوں کی ضرورت ہو گی ؟

- مطالعہ ظاہر کرتا ہے کہ تین ٹیکے پانچ سال تک کے لئے مکمل تحفظ فراہم کرتے ہیں۔
- ٹیکے چھ ماہ کے اندر لگنے چاہئیں۔
- دوسرا ٹیکہ کم از کم پہلے ٹیکے کے ایک ماہ بعد لگایا جاتا ہے اور تیسرا ٹیکہ عام طور پر پہلے ٹیکے کے چھ ماہ بعد لگا یا جاتا ہے۔

میں روک تھام کا ٹیکہ کیسے لگواوں ؟

- گریڈ 8 کی لڑکیوں کے لئے، اسکول پر مبنی کلینکس اور سوک سینٹر کے کلینکس پر ٹورانٹو پبلک ہیلتھ ایچ پی وی کی روک تھام کے ٹیکے مفت پیش کر تی ہے۔
- گریڈ 9 کی لڑکیاں جنہوں نے کم از کم ایک ایچ پی وی کا ٹیکہ گریڈ 8 میں لگوایا ہو، بقیہ ٹیکے ہمارے سوک سینٹر کے کلینکس سے مفت لگوا سکتی ہیں۔
- دوسرے اشخاص جو روک تھام کا ٹیکہ لگوانا چاہتے ہوں، وہ اُس کے لئے ادائیگی کریں۔ تین ٹیکوں کی کُل قیمت تقریباً 500 ڈالر ہے۔۔ مزید معلومات کے لئے ہمارے صحت کی نگہداشت فراہم کرنے والے سے بات کریں۔ چند انشورنس کے منصوبے اس کی قیمت ادا کرتے ہیں۔

کیا ایسی خواتین جنہوں نے ٹیکے لگوا لئے ہوں، تب بھی اُنہیں رحم کے کینسر کے معائنہ کے لئے پیپ ٹیسٹ کی ضرورت ہے ؟

- جی ہاں۔ جنسی لحاظ سے مستعد خواتین جنہوں نے روک تھام کے ٹیکے لگوائے ہوں، تب بھی اُنہیں باقاعدہ پیپ ٹیسٹ کی ضرورت ہے۔
- ایچ پی وی کی روک تھام کے ٹیکے، رحم کے کینسر پیدا کرنے والی ایچ پی وی کی دو اقسام کے خلاف قوت مدافعت پیدا کرتے ہیں۔
- ایسی خواتین جنہیں روک تھام کے ٹیکے لگائے گئے ہوں وہ اس کے باوجود بھی ایچ پی وی کی اُس دوسرے بعید از امکان قسم کے انفیکشن سے متاثر ہو سکتی ہیں جو کینسر کا سبب بنتا ہے۔

میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کروں ؟

- اپنے ڈاکٹر یا صحت کی نگہداشت مہیا کرنے والے سے بات کریں، ہماری اس ویب سائٹ کو ملاحظہ کریں www.toronto.ca/health یا ٹورانٹو پبلک ہیلتھ امونائزیشن کی معلوماتی لائن 416-392-1250 پر کال کریں۔